RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

رنگوں کی پہچان

رنگوں کو آسانی کیساتھ سیکھنے کی تجاویز

- بچوں کو تیز کھلے ہوئے رنگ پسند ہیں۔
- اس لئے وہ شوخ رنگوں کی اشیاء کی طرف مائل ہوتے ہیں۔
- انہیں بنیادی رنگوں کی پہچان کروانے سے شروعات کریں۔
- روزمرہ کی سرگرمیوں سے سکھائیں۔
- بڑھتے ہوئے ذہنوں کو متحرک کرنا زیادہ مشکل کام نہیں ہے۔ اس کے لئے صرف صبر اور تخلیقی صلاحیتوں کے استعمال کی ضرورت ہے۔
- جو اشیاء آپ کے پاس موجود ہیں اُن ہی کا استعمال کریں۔ اور خاص کھلونوں اور تعلیمی سامان پر پیسہ اور وقت صرف کرنے کی ضرورت نہیں۔
- بچے کو پہلے بنیادی رنگوں سے سکھانا شروع کریں۔
- رنگوں کیساتھ کھیلیں۔

رنگوں کی پہچان سیکھنے کے اقدام

درج ذیل اقدام کی پیروی کرتے ہوئے آپ بچوں کو رنگوں کی پہچان سکھا سکتے ہیں۔

۱۔ رنگوں کو یکسانیت کے لحاظ سے ملانا۔
۲۔ کہے گئے رنگ کی نشاندہی کرنا۔
۳۔ رنگوں کا نام لے کر بتانا۔
۴۔ رنگوں کی تعمیم (Generalization)

Rising Sun Institute for Special Children

ا۔ رنگوں کو یکسانیت کے لحاظ سے ملانا

☆ فلیش کارڈ کے ذریعے

☆ کھلونوں اور مختلف اشیاء سے کھیلتے ہوئے

☆ ورک شیٹ کے استعمال سے

☆ رنگوں کو چھانٹی کر کے ترتیب دیتے ہوئے۔



۲۔ کہے گئے رنگ کی نشاندہی کرنا

ایک ٹوکری میں سے جس میں رنگین چیزیں، کھلونے اور فلیش کارڈ موجود ہوں۔

۳۔ رنگوں کا نام لے کر بتانا

اگر بچہ بول سکے تو یہ عمل کریں۔



۴۔ رنگوں کی تعمیم (Generalization)

حقیقی زندگی کے مختلف حالات میں بچوں کو رنگوں کو ملانا، نشاندہی کرنا اور نام لے کر بتانا سکھائیں۔

Rising Sun Institute for Special Children

چکنی مٹی (Clay/Play Dough) کا استعمال

- بچوں کو رنگوں کی پہچان سکھانے کے لئے چکنی مٹی سے اشیاء بنانے میں مشغول کرنا نہایت موزوں طریقہ ہے۔
- چکنی مٹی سے کھیلتے ہوئے بچے بہت لطف اندوز ہوتے ہیں۔اور جلد سیکھتے ہیں۔
- بچے اس کی مدد سے رنگوں کی پہچان کر سکتے ہیں اور ایک ہی رنگ کو پہچان کر اس سے مختلف چیزیں بنانا سیکھ سکتے ہیں۔

ایک جیسے رنگوں کو ملانے کی کھیلیں

- مختلف کھیل اور کھلونے بچوں کے من پسند ہیں۔
اِس لئے بچوں کو رنگ سکھانے کی لئے رنگ ملانے کی کھیلیں اچھا طریقہ جانا جاتا ہے۔
- آپ رنگین کارڈ بنا کر انہیں فرش یا ٹیبل پر رکھ سکتے ہیں۔ آپ بچے سے کہیں کہ ان کارڈز پر چلے اور کسی ایک رنگ کے جیسا کہ سبز کارڈوں کو اکٹھا کرے۔

Rising Sun Institute for Special Children

انگلی اور ہاتھوں سے پینٹنگ کرنا

- انگلی اور ہاتھوں سے پینٹنگ کرنا بچوں کو رنگ سکھانے کے لئے انتہائی لطف اندوز ہونے والا کام ہے۔
- بچے اس طرح بہت دلچسپی سے سیکھتے ہیں۔ شوخ رنگ بچوں کو اپنی طرف مائل کرتے ہیں اور انہیں مزید سیکھنے پر آمادہ کرتے ہیں۔
-

رنگ بھرنے والی کتابیں

- رنگ سکھانے کا آسان ترین طریقہ کتابوں میں رنگ بھرنا ہے۔
- مختلف چیزوں کی اشکال بنا کر اپنی پسند کی 'رنگوں کی کتاب' بھی بنائی جا سکتی ہے۔ جیسا کہ سرخ رنگ کے لئے سٹرابری اور پیلے رنگ کے لئے کیلا بنایا جا سکتا ہے۔





Rising Sun Institute for Special Children

کلر ڈے

- گھر کے تمام افراد ہفتہ کے مختلف دنوں میں ایک رنگ کے کپڑے پہن سکتے ہیں۔
- جیسا کہ سوموار کو پیلا، منگل کو لال، اور بدھ کو سبز۔
- .اور اُس دن اسی رنگ کے کھلونوں سے کھیلا جائے۔

نظمیں اور میوزک

- بچے کی نشو نما میں میوزک کا اہم کردار ہے۔
- صوتی اور بصری گانے اور نظمیں بچوں کو دکھائی اور سنائی جائیں
- بچے نظموں کو آسانی سے یاد کر لیتے ہیں۔

Rising Sun Institute for Special Children

ورک شیٹ اور کاپیاں

- آپ کلر میچنگ لے لئے مختلف ورک شیٹس ترتیب دے سکتے ہیں۔
- کاپیاں جو کہ با آسانی دستیاب ہیں ان کا استعمال بھی بہت مدد گار ہے۔



روزمرہ کی چیزوں کا استعمال

- گھر میں بہت سی چیزیں ایسی ہوتی ہیں جن سے رنگوں کی پہچان سکھائی جاسکتی ہے۔
- بچوں کی پسند کی سبزیوں، پھلوں، اور دیگر کھانے کی چیزوں کے ذریعے انہیں رنگوں کی پہچان کروائی جاسکتی ہے۔
- اس مقصد کیلئے گھر میں روزمرہ استعمال کی مختلف اشیاء جیسا کہ تو لئے، چادریں، پردے اور کُشن، کھلونے وغیرہ استعمال کر سکتے ہیں۔

Rising Sun Institute for Special Children